اسلوب کے مطابق مشمولات کی فہرست کو بھی کتاب کے آخر میں درج کیا گیا ہے، جبکہ اردو میں رائج چلن یہ ہے کہ محتویاتِ کتاب کی فہرست شروعِ کتاب میں ہی مندرج ہوتی ہے اور اردو کا قاری اسی سے مانوس ہے۔

فاضل محقق نے تحقیق کے جدید ترین معیارات کی پیروی کے ساتھ ساتھ کتاب کی عبارت تبدیل کیے بغیر زبان کو بھی آسان کرنے کی کوشش کی ہے جو تقریباً ایک سو سال پہلے کے بہت سے الفاظ وتراکیب پر مشتمل ہونے کی وجہ سے آج کے قاری کے لیے کہیں کہیں مشکل ہوسکتی تھی۔ اس سلسلے میں حاشیہ پر کہیں الفاظ کا مطلب اور کہیں عبارات وتراکیب کو آسان تر اردو میں نئے سرے سے لکھ کر کم سواد قاری کے لیے بھی کتاب کو قابلِ فہم بنا دیا گیا ہے۔

سنجیدہ خوبصورت سرورق، مضبوط کارڈ کی جلد، عمدہ درآمدی سفید کاغذ، سرخ وسیاہ دورنگی طباعت اور حواشی پر تذہیب کی وجہ سے کتاب معنوی محاسن کے ساتھ ساتھ صوری لطافتوں سے بھی آراستہ و پیراستہ ہے۔ اور ان خصوصیتوں (ان میں سے بھی علی الخصوص اختصار وو ثوق) کی وجہ سے کتاب بہت قیمتی اور ہر مسلمان کے کتب خانہ کی زینت بننے کے لائق ہے۔

نام کتاب: اصحابِ بدر کا اجمالی تعارف (النور المبین فی جمع اسماء البدریین) تالیف: شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھی ترجمہ: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی　ضخامت: ۱۳۶ص　ناشر: قاضی احسان اکیڈمی، شجاع آباد 0300-4385230

غزوۂ بدر الکبریٰ تاریخ اسلام کے روشن ترین ایام میں سے ایک دن ہے کہ جس دن دنیا والوں کے سامنے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے یہ طے ہوگیا کہ فتح وشکست کا فیصلہ اب اسباب وآلات کی بنیاد پر نہیں بلکہ ایمان وتقویٰ کی بنیاد پر طے ہوگا۔ اس مبارک روز کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب مقدس میں یوم الفرقان قرار دیا ہے۔ اور اس مقدّس معرکے میں شرکت کرنے والے خوش بخت مجاہدین کو تاریخِ اسلام کے سب سے معظّم اور رفیع الشان ہستیاں قرار دیا۔

زیرِ تبصرہ کتاب شیخ الاسلام مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی سندھی قدّس سرّہٗ کی تالیف منیف ہے جس میں حضرت نے اصحاب بدر کے اسمائے مبارکہ کو الفبائی ترتیب کے مطابق جمع کیا تھا۔ حضرت شیخ الاسلام بارھویں صدی ہجری میں اسلامی علمی روایت کے چند انتہائی قدآور اکابر میں سے ایک ہیں اور ان کی فقہی وحدیثی تالیفات ورسائل کے معمولی مطالعے سے ہی ان کے علمی رسوخ اور ثقاہت کا بلند پایہ معلوم ہوجاتا ہے۔

یہ کتاب اس سے پہلے عربی زبان میں مولانا سلیم اللہ سندھی مدظلہ کی تحقیق وتحشیہ سے شائع ہوچکی ہے اور اب اس کا ترجمہ نشر کیا گیا ہے۔ حضرت مخدوم قدس سرہ نے اس کتاب میں اصحاب بدر علیہم الرضوان کے صرف اسمائے مبارکہ کو اکٹھا کیا، اس سلسلے میں صحیح بخاری میں وارد شدہ اسمائے اصحاب بدر کو اصل اور اساس بنا کر دوسری کتبِ سیرت وحدیث سے